وفیات

گورجیت شاہانہ ملک کا انتقال

مختلف حلقوں کا اظہارِ تعزیت

دہلی//

دوردرشن کیندر سرینگر کے شعبہ خبر کی سابق سربراہ گورجیت شاہانہ ملک جوکہ سابق ڈائریکٹر میڈیا اور کمیونیکیشن بھی تھیں، دہلی میں طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔ آپ کی عمر ۶۵/برس تھی۔ گورجیت ملک نے دوردرشن اور آل انڈیا ریڈیو میں شعبۂ خبر کی سربراہ کے طور پر ایک طویل عرصے تک کام کیا۔ انہیں ہمیشہ نڈر اور بے باک صحافی کے طور پر سراہا گیا۔ وزیرِ تعلیم سید نعیم اختر نے مرحومہ کے انتقال پر گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ان کے حق میں دعائے مغفرت کرتے ہوئے لواحقین کے حق میں صبرو تحمل کی دعا کی۔ ڈائریکٹر اطلاعات ڈاکٹر شاہد اقبال چوہدری نے بھی مرحومہ کی وفات پر تعزیت پیش کی۔

تنویر بھدرواہی انتقال کر گئے

اکیڈیمی کی طرف سے تعزیت کا اظہار

جموں//

اردو کے معروف شاعر محمد الیاس ملک جوکہ ادبی دنیا میں تنویر بھدرواہی کے نام سے مشہور تھے کا ۷۹/سال کی عمر میں شری ماتا ویشنو دیوی نارائنا سپر سپیشلٹی اسپتال میں انتقال ہو گیا، جہاں انہیں معمول کے جلی معائنہ کے لئے لے جایا گیا تھا۔ ان کے اچانک انتقال کی خبر سن کر ریاست کے سیاسی، سماجی اور ادبی حلقے کو گہرا صدمہ پہنچا۔ اُن کی میت کو بھدرواہ لایا گیا جہاں ان کی نمازِ جنازہ کی ادائگی کے بعد تدفین ہوئی۔ تنویر بھدرواہی کے انتقال پر اکیڈیمی کے جموں آفس میں سیکریٹری اکیڈیمی ڈاکٹر عزیز حاجنی کی صدارت میں ایک تعزیتی اجلاس منعقد ہوا جس میں مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کے علاوہ لواحقین کے حق میں صبروتحمل کی دعا کی گئی۔

نظام الدین سحر کا انتقال

اکیڈیمی کی طرف سے تعزیت

سرینگر//

معروف شاعر اور ماہرِ تعلیم نظام الدین سحر ۲۶/اپریل ۲۰۱۷ء کو اس جہانِ فانی سے رحلت کر گئے۔ موصوف کچھ عرصے سے علیل تھے۔ نظام الدین سحر تمام عمر علم وادب اور شعروشاعری کے ساتھ جُڑے رہے۔ اُن کے انتقال سے ادبی محفلوں میں ایک خلاء پیدا ہوگیا ہے جسے پُر کرنا مشکل ہے۔ نظام الدین سحر کے انتقال پر سیکریٹری اکیڈیمی ڈاکٹر عزیز حاجنی نے اپنے تعزیتی پیغام میں مرحوم کے لئے مغفرت اور پسماندگاں کے لئے صبرِ جمیل کی دُعا کی ہے۔

امیر بابا معشوق کا انتقال

اکیڈیمی کی طرف سے تعزیت کا اظہار

چرارِ شریف//

علمدارِ کشمیر حضرت نورالدین ولیؒ کی تعلیمات اور اُن کے کلام کے ماہر اور شاعر امیر بابا معشوق اپنے آبائی گاؤں چرارِ شریف میں ۱۱۲/سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز کی طرف سے امیر بابا معشوق کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا گیا۔ سیکریٹری اکیڈیمی ڈاکٹر عزیز حاجنی نے امیر بابا معشوق کے انتقال کے سلسلے میں منعقدہ ایک تعزیتی اجلاس میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی ناقابلِ فراموش خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ انہوں نے غمزدہ خاندان کے ساتھ تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے اللہ سے دعا کی کہ وہ مرحوم کو جوارِ رحمت میں جگہ دے اور اُن کے پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا کرے۔

☆☆☆

زبانوں کے بین الاقوامی دن پر تقاریب

مادری زبانوں کے تحفظ اور نشو ونما پر زور

کرگل//

زبانوں کے بین الاقوامی دن پر جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز کی کرگل شاخ کے زیرِ اہتمام آڈیٹوریم ہال میں کثیرلسانی مشاعرے کا انعقاد کیا گیا۔ مشاعرے میں اردو، بلتی، شینا، دردی اور پُرگی کے شعراء نے شرکت کی۔ معروف ادیب اور شاعر حاجی محمد باقر نے مشاعرے کی صدارت کی جبکہ ایگزیکٹیو کونسلر برائے صحت و زرعی ترقی محمد حسین نے بحیثیت مہمانِ خصوصی مشاعرے میں شرکت کی۔ اکیڈیمی کے کلچرل آفیسر کرگل محمد علی ٹاک نے مہمانوں کا استقبال کرتے ہوئے اکیڈیمی کی ادبی وثقافتی سرگرمیوں کی تفصیل پیش کی۔ اپنے صدارتی خطبے میں حاجی محمد باقر نے کہا کہ ہمارے بچے انگریزی، اردو، عربی یا فارسی پڑھیں ان زبانوں میں مہارت حاصل کریں اچھی بات ہے لیکن مادری زبان کو سراسر نظرانداز کر دینا ایسا ہے جیسے ایک درخت بغیر زمین اور جڑوں کے ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ اپنی مادری زبان کی حفاظت اور فروغ کے لئے ہم سب کومل کر کوشش کرنی چاہیے خاص کر گھر میں بچوں کے ساتھ مادری زبان کو ترجیحی بنیادوں پر (باقی صفحہ ۲۴ پر)

وزیرِ اعلیٰ کے ہاتھوں لیہہ میں سنٹرل ایشین میوزیم کا افتتاح

ثقافتی ورثے کے تحفظ کو یقینی بنانے کی تلقین

لیہہ//

وزیرِ اعلیٰ محبوبہ مفتی نے ۲۳/دسمبر کو لیہہ کے اپنے دو روزہ دورے کے دوران خطے میں ہو رہی تعمیراتی اور ترقیاتی سرگرمیوں کے علاوہ محکمہ سیاحت اور مقامی رضا کار تنظیم انجمنِ معین الاسلام کے اشتراک سے تعمیر کئے گئے سنٹرل ایشین میوزیم کا افتتاح کیا۔ میوزیم میں ۱۸/ اور ۱۹/ ویں صدی کے سنٹرل ایشیا، تبت، چین اور کشمیر سے جمع کئے گئے نادر تہذیبی اور ثقافتی نوادرات محفوظ کئے گئے ہیں۔ تقریب میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ وہ مورخ اور دانشور عبدالغنی شیخ کے میوزیم تعمیر کرنے کے اس تصور کی قدر کرتے ہوئے جرمنی کے اسکالر آندرے کی کوششوں کو سراہتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ قوم کبھی نقصان میں نہیں رہتی جو اپنی تہذیبی اور ثقافتی روایات اور اثاثوں کی حفاظت کرتی ہے۔ ہمیں اپنی نوجوان نسل کی آبیاری کے لئے انہیں اپنے تہذیبی وثقافتی ورثے سے جوڑے رکھنے کے علاوہ ان شعبوں میں دلچسپی پیدا کرنے کے لئے کام کرنا چاہیے۔ اس موقع پر وزیرِ اعلیٰ نے میوزیم میں مزید نوادرات جمع کئے جانے کے لئے بیس لاکھ روپے کی رقم کا اعلان کیا۔ لداخی کلینڈر کے نئے سال کے موقع پر وزیرِ اعلیٰ نے عوام کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے میوزیم میں رکھی گئی قدیم لداخی اشیا، مختلف سینٹرل ایشین ریاستوں سے لئے گئے سکّے، یارقند کے برتنُ پرانے واٹر ہیٹر، قرآن شریف کی تفسیر، قرآن شریف کے نادر مخطوطات، صحیح بخاری اور فتاویٰ عالمگیری کے علاوہ دیگر منفرد اشیا کا مشاہدہ کرتے ہوئے میوزیم کو مزید مستحکم کرنے کے لئے کہا۔ وزیرِ اعلیٰ نے مزید کہا کہ اس کام کے لئے ہمیں پوری طرح سے بیدار ہونا چاہیے اور اس طرح کے اثاثوں کا تحفظ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

☆☆☆